© rasailojaraid.com

تعارف و تبصرہ — رئیس التحریر کے قلم سے

# شمائل و اخلاق نبوی ﷺ

جناب رسالت مآب ﷺ کے شمائل و اخلاق پر ہر دور میں بہت سے اہل علم نے قلم اٹھایا ہے اور قیامت تک آقائے نامدار ﷺ کے اوصاف و کمالات کا تذکرہ ہوتا رہے گا۔ زیر نظر کتابچہ تیرہویں صدی ہجری کے ممتاز عالم دین اور محقق حضرت مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتی ؒ کا تحریر کردہ ہے جسے ہمارے فاضل دوست ڈاکٹر محمود الحسن عارف نے اردو کے قالب میں ڈھالا ہے اور حضرت قاضی صاحب ؒ کے حالات زندگی کے اضافہ کے ساتھ ضروری مقامات پر حواشی اور حوالہ جات تحریر کر کے اس کی افادیت کو دوچند کر دیا ہے۔ کم و بیش دو سو صفحات پر مشتمل یہ کتابچہ نفیس اکیڈمی، الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور نے معیاری طباعت اور مضبوط جلد کے ساتھ پیش کیا ہے اور اس کی قیمت ۱۲۰ روپے ہے۔

## اسلام اور سیاست

جسٹس مولانا محمد تقی عثمانی نے اسلامی سیاست و حکومت کے حوالے سے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس اللہ سرہ العزیز کے افکار و خیالات کو مختلف عنوانات کے حوالہ سے جمع کر کے اس کتاب میں ان کی توضیح و تشریح کر دی ہے۔ صفحات تقریباً ساڑھے تین سو، کتابت و طباعت معیاری، خوبصورت مضبوط جلد۔ ملنے کا پتہ: ادارہ تالیفات اشرفیہ، بیرون بوہڑ گیٹ، ملتان

## بیاض اشرفیؒ

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی ؒ کی بیاض جس میں علمی و فقہی نوادر کے ساتھ مجرب تعویذات اور طبی نسخہ جات کا بھی بیش بہا ذخیرہ موجود ہے۔ صفحات ۲۶۶، ملنے کا پتہ: ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان

## احاطہ دار العلوم میں بیتے دن

نامور محقق اور مصنف حضرت مولانا سید مناظر احسن گیلانی ؒ نے دار العلوم دیوبند میں گزرے ہوئے دنوں کا تذکرہ اپنے مخصوص انداز میں قلمبند کیا ہے جو ان کے علمی و دینی ذوق

© rasailojaraid.com